OFFICE OF THE
**All Assam Tanzim Madaris-E-Qawmiya**
*(Branch : Rabeta-e-Madaris-e Islamia Arabia Darul Uloom Deoband)*
P.O. Nilbagan - 782445, Dist- Hojai, Assam (India)
Regd. : RS/NG/254/108
**ESTD. : 1374 Hizri, 1955**
Website : tanzimmadarisassam.com

دفتر: آلِ آسام تنظیمِ مدارسِ قومیہ
(شاخ: رابطۂ مدارس اسلامیہ عربیہ، دارالعلوم دیوبند)
نیل بگان، ہوجائی، آسام، الہند

কাৰ্যালয় ☎ : (03674) 262448
সদৌ অসম তনজিম মাদাৰিছে কৌমীয়া
*(শাখা ঃ ৰাবেতায়ে মাদাৰিছে ইছলামীয়া আৰবীয়া দাৰুল উলুম দেওবন্দ)*
পোঃ নীলবাগান-৭৮২৪৪৫, জিলাঃ হোজাই ঃ অসম ঃ ভাৰত
স্থাপিত ঃ ১৩৭৪ হিজৰী, ১৯৫৫ ইং
Email : aatmqassam@gmail.com

Ref. .............................                Date..........................

# تجاویز مجلس منتظمہ

آج مورخہ ۲۷؍ جمادی الاولیٰ ۱۴۴۰ھ مطابق ۳؍فروری ۲۰۱۹ء بروز اتوار صبح ۱۰؍ بجے بمقام، دفترِ آل آسام تنظیم مدارس قومیہ، نیل بگان، ہوجائی، آسام جناب الحاج حضرت مولانا بدرالدین اجمل القاسمی صاحب دامت برکاتہم کی زیر صدارت مجلس منتظمہ کا اجلاس منعقد ہوا اور مولوی مشتاق احمد، متعلم دارالعلوم میٹھی گاؤں کی تلاوت کلام پاک سے مجلس کا آغاز ہوا اور مندرجہ ذیل تجاویز باتفاق آراء منظور کی گئیں۔

**تجویز نمبر۲: (تعزیتی تجویز):**

آج کی مجلس منتظمہ ملک و بیرون ملک کی مقتدر اور اہم شخصیات کے سانحۂ ارتحال پر رنج وغم کا اظہار کرتی ہے اور مرحومین کی مغفرت و بلندی درجات کیلئے قرآن خوانی کر کے دعا کرتی ہے کہ اللہ تعالیٰ انکو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور انکے پس ماندگان کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین، ثم آمین۔

**اسمائے مرحومین حضرات:** (۱) حضرت مولانا یونس صاحبؒ، شیخ الحدیث مظاہر العلوم سہارنپور (۲) حضرت مولانا ریاست علی صاحبؒ بجنوری، استاذ دارالعلوم دیوبند (۳) حضرت مولانا سالم صاحبؒ، مہتمم دارالعلوم وقف دیوبند (۴) حضرت مولانا عبدالجلیل راغبی صاحبؒ، شیخ الحدیث آسام دارالحدیث جئے نگر (۵) حضرت مولانا ولی اللہ صاحبؒ، مہتمم مدینۃ العلوم ڈکرائی جان (۶) حضرت مولانا مفتی سعید الرحمٰن صاحبؒ، صدرالمدرسین سواگوری حسینیہ مدرسہ (۷) حضرت مولانا اجیرالدین صاحبؒ، مہتمم قاسم العلوم موڈنگا (۸) حضرت مولانا عبدالجبار صاحب، صدر گاؤں (۹) حضرت مولانا عبد الرحمٰن صاحبؒ، مہتمم دارالعلوم چاپر بالاجانی (۱۰) حضرت مولانا عبدالصمد خان صاحبؒ، ہاتھی جانہ بر پیٹا (۱۱) جناب ڈاکٹر کمال الدین صاحبؒ، صدر مدینۃ العلوم باغباڑی (۱۲) حضرت مولانا عبدالستار صاحبؒ، نائب مہتمم دارالعلوم بالاپارہ (۱۳) حضرت مولانا شہاب الدین صاحبؒ، استاذ مرکز العلوم برما (۱۴) حضرت مولانا حنیف الدین صاحبؒ، صدر کویا کوسی بنات مدرسہ (۱۵) حضرت مولانا محی الدین صاحبؒ، دھوبری (۱۶) حضرت مولانا مفتی بذل الرحمٰن صاحبؒ، دھوبری (۱۷) حضرت مولانا مفتی یوسف صاحبؒ، سابق شیخ الحدیث کٹاری ہارہ (۱۸) حضرت مولانا محمد علی صاحبؒ، صدرالمدرسین دارالعلوم نلباری مع قارینہ (۱۹) جناب منشی کریم الدین صاحبؒ، بانی مدرسہ تجوید القرآن چپاربری (۲۰) حضرت مولانا مسلم الدین القاسمی صاحبؒ، صدر المدرسین رانگولو حسینیہ مدرسہ (۲۱) حضرت مولانا مسلم الدین صاحبؒ، ممتاز العلوم دومردھا (۲۲) حضرت مولانا ابوالقاسم صاحبؒ، صدرالمدرسین دارالعلوم گیرامارٰی۔

**تجویز نمبر۳:** آج کی مجلس میں گذشتہ منعقدہ ۲۷؍رجب المرجب ۱۴۳۷ھ مطابق ۵؍مئی ۲۰۱۶ء کی مجلس منتظمہ میں منظور کی گئیں تجاویز کو پڑھکر سنایا گیا، ساتھ میں ان تجاویز پر عمل درآمدگی کی رپورٹ بھی پیش کی گئی، مجلس نے ان تجاویز پر عمل درآمدگی کا جائزہ لیکر انکی توثیق کی۔

**تجویز نمبر۴:** آج کی مجلس میں جناب ماسٹر صابر احمد صاحب، آڈیٹر تنظیم مدارس قومیہ نے گذشتہ ۳۲؍مہینہ کی حسابات مع آڈیٹ رپورٹ پیش کیا جو چند مشوروں پر مشتمل ہے۔ مجلس نے رپورٹ میں درج مشوروں پر حتی الامکان عمل کرنیکا مشورہ دیکر اڈیٹر صاحب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اسکی منظوری دی۔

**تجویز نمبر۵:** آج کی مجلس میں سال رواں کیلئے حضرت ناظم عمومی صاحب نے -/61,80,000 (ایکسٹھ لاکھ اسی ہزار روپئے) کی ممکنہ بجٹ پیش کیا۔ مجلس نے توکلاً علی اللہ اس بجٹ کو منظور کیا۔

**تجویز نمبر۶:** آج کی مجلس میں حضرت ناظم عمومی صاحب نے گذشتہ میعاد کی کارکردگی رپورٹ کو پڑھکر سنایا۔ مجلس نے تنظیم کیطرف سے انجام دیئے گئے تمام امور پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے رپورٹ کی توثیق وتائید کی۔

**تجویز نمبر۷:** آج کی مجلس میں حضرت ناظم عمومی صاحب نے چند سالوں سے مسلسل 25% سے کم نتائج والے مدارس کا جائزہ پیش کیا۔ مجلس نے اس سلسلہ میں غور وفکر کے بعد فیصلہ کیا کہ جن مدارس کے نتائج مسلسل خراب ہیں ان مدارس کے ذمہ داران بشمول مہتمم، ناظم اور صدرالمدرسین صاحب کو دفتر تنظیم میں بلا کر انکے مدارس کی تعلیمی وتربیتی کمزوری کے سلسلہ میں انہیں آگاہ کرایا جائے اور متنبہ کیا جائے کہ آئندہ امتحانات اشترا کی میں جو مدرسہ 25% سے زائد نتیجہ نہ لاسکیگا اسکو فہرست مدارس میں شامل نہیں کیا جائیگا۔

**تجویز نمبر۸:** مدارس کی بڑھتی ہوئی تعداد کے بارے میں گفت وشنید کے بعد آج کی مجلس میں طئے پایا (الف) جدید مدارس کو تنظیم میں الحاق کے سلسلہ میں دفتر کیطرف سے پہلے سے طئے شدہ شرائط پر مضبوطی سے عمل کرتے ہوئے ان شرائط پر مکمل طور پر اترنے والے مدارس کو الحاق کیا جائے۔

(ب) مدارس بنات کے موجودہ صورت حال پر آج کی مجلس میں غور وخوض کے بعد مدارس بنات کے الحاق اور صورت حال کے سدھار کے سلسلہ میں مزید شرائط مرتب کرنے کیلئے سب کمیٹی تشکیل دی گئی جو اس سلسلہ میں ایک خاکہ مرتب کرکے عاملہ میں پیش کریگی۔

**اسمائے ممبران برائے سب کمیٹی:**

(۱) حضرت مولانا مفتی ابوبکر صاحب، مہتمم جامعہ دینیہ منصوریہ جئے بھوم۔ کنوینر

(۲) حضرت مولانا مفتی سعید احمد صاحب، ناظم تعلیمات دارالعلوم میتھی گاؤں۔

(۳) حضرت مولانا ابوالکلام صاحب، مہتمم مدرسۃ البنات نیل بگان۔

(۴) جناب ماسٹر صابر احمد صاحب، آڈیٹر تنظیم مدارس قومیہ۔

(۵) حضرت ناظم عمومی صاحب، آل آسام تنظیم مدارس قومیہ

**تجویز نمبر۹:** آج کی مجلس میں آئندہ امتحانات اشترا کی ۱۴۴۰ھ مطابق ۲۰۱۹ء کیلئے مولانا زاہد حسین صاحب ناظم امتحان منتخب کرکے درج ذیل حضرات پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دیکر اسے منظوری دی گئی۔

**اسمائے ممبران حضرات:**

(۱) حضرت مولانا مفتی خیرالاسلام صاحب، امیر شریعت شمال مشرقی ہند وکارگزار صدر تنظیم۔

(۲) حضرت مولانا مفتی عبدالحق صاحب، نائب صدر تنظیم ومہتمم دارالعلوم بالاپارہ۔

(۳) حضرت مولانا عبدالمجید صاحب، مہتمم نیوگھاٹ حسینیہ مدرسہ۔

(۴) حضرت مولانا مفتی ابوبکر صاحب، مہتمم جامعہ دینیہ منصوریہ جئے بھوم۔

(۵) حضرت مولانا پرویز عالم صاحب، جامعہ اسلامیہ جلالیہ ہوجائی۔

(۶) حضرت مولانا غلام حسین صاحب، مہتمم احیاء العلوم بھوموراگوری۔

(۷) حضرت مولانا اجیر الدین صاحب، مہتمم مفتاح العلوم قومی مدرسہ بھاگن شریف نگر۔

(۸) حضرت مولانا مفتی سعید احمد صاحب، ناظم تعلیمات دار العلوم میتھی گاؤں۔

(۹) حضرت مولانا ضیاء الدین صاحب، دار العلوم میر اباری۔

(۱۰) حضرت مولانا ابو الکلام صاحب، مہتمم نیل بگان مدرسۃ البنات۔

(۱۱) حضرت مولانا مفتی انور الدین صاحب، جامعہ اسلامیہ جلالیہ ہوجائی۔

(۱۲) حضرت مولانا عبد القادر صاحب، ناظم عمومی تنظیم مدارس قومیہ۔

**تجویز نمبر ۱۰:** آج کی مجلس میں آئندہ مسابقۃ القرآن الکریم ۱۴۴۰ھ مطابق ۲۰۱۹ء کیلئے مولانا اکرام الحق صاحب کو ناظم مسابقہ منتخب کر کے درج ذیل حضرات پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دیکر اسے منظوری دی گئی۔

**اسمائے ممبران حضرات:**

(۱) حضرت مولانا مفتی خیر الاسلام صاحب، امیر شریعت شمال مشرقی ہندو کارگزار صدر تنظیم۔

(۲) حضرت مولانا عبد المنان صاحب، دار الحدیث پرمائی بھیٹی۔

(۳) حضرت مولانا شیخ شمس الدین صاحب، سابق شیخ الحدیث جامعہ اسلامیہ جلالیہ ہوجائی۔

(۴) حضرت مولانا پرویز عالم صاحب، جامعہ اسلامیہ جلالیہ ہوجائی۔

(۵) حضرت مولانا مفتی یحیٰ صاحب، مہتمم کجائی کاٹا حسینیہ مدرسہ۔

(۶) حضرت مولانا عبد المجید صاحب، مہتمم نیوگھاٹ حسینیہ مدرسہ۔

(۷) حضرت مولانا سلیمان علی صاحب، مہتمم تحفیظ القرآن لکھی گنج۔

(۸) حضرت مولانا ضیاء الدین صاحب، دار العلوم میر اباری۔

(۹) حضرت ناظم عمومی صاحب، آل آسام تنظیم مدارس قومیہ۔

**تجویز نمبر ۱۱:** بعض مدارس والے موجودہ جنرل کورس کی کتابیں کوشش و جستجو کے بعد بھی دستیاب نہیں کر پاتے ہیں، جسکی وجہ سے طلبہ کو امتحان میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس سلسلہ میں گفتگو کے بعد آج کی مجلس تنظیم سے مربوط مدارس کیلئے ایک مستقل جنرل کورس تیار کرنے کیلئے درج ذیل حضرات پر ایک سب کمیٹی تشکیل دیکر تجویز منظور کرتی ہے۔ واضح رہے کہ نیا نصاب آئندہ تعلیمی سال (۱۴۴۰/۴۱ھ) سے جاری ہوگا۔

**اسمائے ممبران برائے سب کمیٹی:**

(۱) جناب پروفیسر رشید احمد صاحب، ڈبکا

(۲) جناب ماسٹر صابر احمد صاحب، بڑھاور

(۳) جناب ماسٹر شہاگ الدین صاحب، دار العلوم میتھی گاؤں

(۴) جناب ناظم عمومی صاحب، آل آسام تنظیم مدارس قومیہ

**تجویز نمبر۱۲:** بعض مراکز امتحان میں طلبہ کی کثرت کی وجہ سے امتحان کا ماحول پرسکون وتشفی بخش نہیں رہ پاتا۔ بنابریں آج کی مجلس اس پرغور وفکر کے بعد اس سلسلہ میں مناسب کارروائی کرنے کیلئے امتحان کمیٹی کو اختیار دیکر تجویز منظور کرتی ہے۔

**تجویز نمبر۱۳:** شرکاء امتحان کی موجودہ فیس سے اخراجات امتحان پورا نہ ہونے پر امتحان کمیٹی کی سفارش کے مطابق آج کی مجلس میں شرکاء امتحان کی درج ذیل مقدار میں فیس متعین کر کے تجویز منظور کی گئی۔

**مقدار فیس:**

(۱) دورۂ حدیث شریف سے عربی پنجم تک: 200/- روپئے

(۲) عربی چہارم سے فارسی دوم تک: 150/- روپئے

(۳) شعبۂ حفظ کے دونوں جماعت کیلئے: 100/- روپئے

(۴) شعبۂ بنات کے تینوں جماعت کیلئے: 130/- روپئے

**تجویز نمبر۱۴:** عام طور پر شعبۂ حفظ کے مدارس والے سبق مکمل ہونے پر دور سنانے سے پہلے بچوں کی دستار بندی کرا دیتے ہیں، جسکے نتیجہ میں تقریبا 90% بچوں کو قرآن یاد نہیں رہتا ہے۔ اس سلسلہ میں آج کی مجلس تجویز منظور کرتی ہے کہ مدارس حفظ کے ذمہ داران کو ہدایات دی جائے کہ بچوں کا اتنا دور سنیں کہ قرآن اتنا یاد ہو جائے کہ بچے ایک دو بیٹھک میں پورا قرآن سنا سکیں، پھر امتحان اشترا کی میں درجۂ تکمیل کے امتحان میں کامیاب ہونے کے بعد ہی دستار بندی کرائیں۔

**تجویز نمبر۱۵:** گذشتہ تین سالہ میعاد پورا ہونے پر آج کی مجلس میں جناب صدر محترم صاحب دامت برکاتہم نے موجودہ کمیٹی کی طرف سے استعفیٰ کا اعلان کیا، ساتھ میں اراکین مجلس منتظمہ کو نئی کمیٹی کی تشکیل کے لئے دعوت دی، مجلس نے بایک آواز آئندہ میعاد کے لئے حضرت مولانا بدرالدین اجمل القاسمی صاحب کو صدر منتخب کر کے آئندہ میعاد کے لئے ناظم عمومی، اراکین مجلس عاملہ ودیگر عہدہ داروں کی نامزدگی کی ذمہ داری حضرت صدر محترم کو سونپ کر تجویز پاس کی۔

بالآخر الحاج حضرت مولانا شیخ کفیل الدین القاسمی صاحب دامت برکاتہم کی دعا سے مجلس کا اختتام ہوا۔